سے اسلامی تعلیمات کو بالکل ایک اچھوتے انداز میں بیان کیا گیا ہے۔ کتاب دینی مدارس کے ساتھ ساتھ عصری اداروں کے ثانوی درجات کے لئے مرتب کی گئی...... کتاب پر تبصرہ کرتے ہوئے مولانا سمیع الحق صاحب تحریر فرماتے ہیں: ''کتاب تعلیم امن اوراسلام کے بعض ابواب تو ہر مسلمان، عالم دین، سیاستدان، لیڈراور سماجی شخصیات کے لئے انتہائی مفید ہیں۔ جوعلاقائی اور معاشرتی سطح پر منفی رویوں اور تنازعات کے خاتمے میں موثر ثابت ہوگی ان شاء اللہ''۔ زیر تبصرہ کتاب ظاہری و باطنی حسن کی وجہ سے ''عروس جمیل درلباس حریر'' کی مصداق بن گئی۔ کتاب کی تدوین وترتیب پر ادارہ امن وتعلیم اور مجلس تحقیقات اسلامی قابل صد تحسین و تبریک ہیں۔ کتاب مجلس تحقیقات اسلامی سے ان رابطہ نمبروں 0334-9429981 - 0336-9718284 سے بذریعہ ڈاک بھی منگوائی جاسکتی ہے۔ (مبصر: محمد اسلام حقانی)

● آسان فقہی مسائل .... مولانا عمر فاروق

خوشی ہو یا غمی، ولادت ہو یا فوتگی شادی ہو یا طلاق، تجارت ہو یا کاروبار غرض یہ کہ ولادت سے لے کر موت تک روزمرہ زندگی میں پیش آنے والے واقعات اسلامی طرز زندگی سے متصادم نہیں بلکہ ان کے ہم آہنگ ہیں یہ اور بات ہے کہ بہت سے باتوں کا ہم کو پتہ ہی نہیں ہوتا کہ شریعت مطہرہ میں اس کا حکم اور طریقہ کیا ہے؟ ہر زمانے کے علماء کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ عوام الناس کوان مسائل سے بہرہ ور کیا جائے تاکہ وہ اپنی زندگی رسم ورواج سے ہٹ کر اسلامی اصولوں کے مطابق گزار سکیں۔ زیر تبصرہ کتاب بھی اس سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ مولانا عمر فاروق صاحب نے انتھک کوشش کرکے ایمانیات، طہارت، نماز، روزہ، زکوٰۃ، تجارت وغیرہ میں اکثر پیش آنے والے مسائل کو عام فہم اور آسان انداز میں جمع کرکے عوام پر بہت احسان کیا ہے۔ مولانا بشارت الٰہی صاحب کی تخریج نے کتاب کی خوبیوں کو دوبالا کیا ہے، عام طور پر بچے تو مدارس میں پڑھ کر مسائل سیکھ جاتے ہے اوراب تو تربیتی نصاب نے بچوں کے مدارس کو چار چاند لگادیئے کہ اس کو پڑھنے والا بچہ ناظرہ قرآن کے ختم کیساتھ ساتھ اسلام کے بنیادی مسائل سے بھی آگاہ ہوجاتے ہیں' لیکن بڑی عمر کے لوگوں کو اب بھی مسائل سیکھنے میں دشواری پیش آتی ہے۔ اس دشواری کے پیش نظر مولف کتاب نے بڑی جانفشانی کے ساتھ ہر مسئلہ کو عام فہم اور عوام کے فہم کے مطابق سلیس اردو میں مرتب کیا ہے، اللہ مولف کے اس کاوش اور مساعی کو شرف قبولیت سے نوازے۔ امین۔

ناشر مکتبہ بیت العلم اردو بازار کراچی، قیمت ۳۵۰ روپے۔ نوٹ یہ کتاب آپ مکتبہ سعید سے بذریعہ V.P بھی منگوا سکتے ہیں۔ (مبصر: مولانا منفعت احمد حقانی)